


# آپ اور آپ کے خاندان کو محفوظ رکھنے کے لئے سڑک پر حفاظت کی اہم معلومات

SDU
SAFETY DRIVES US

www.safetydrivesus.org

## فوری تجاویز

- ✓ حد رفتار کے اندر گاڑی چلائیں۔
- ✓ سٹاپ (رکنے کی) تمام علامات پر رکیں.
- ✓ پیدل چلنے اور سائیکل چلانے والے لوگوں کے ساتھ سڑک کا اشتراک کریں۔
- ✓ گاڑی میں، بچوں کی موجودگی میں ڈرائیو کرتے وقت، کبھی سگریٹ نوشی نہ کریں۔ **یہ قانون ہے!**
- ✓ بچوں کو گاڑی میں کبھی تنہا نہ چھوڑیں۔
- ✓ ٹرکوں کو اضافی جگہ کی ضرورت ہوتی ہے — ان سے اچھے فاصلے پر رہیں۔
- ✓ اپنی اور اپنے سے اگلی گاڑی کے درمیان کافی جگہ چھوڑ دیں۔
- ✓ اپنے علاقہ میں پارکنگ کی معلومات کے لیے میونسپل (بلدیہ) کے ضمنی قوانین کو چیک کریں۔

## اگر آپ کا تصادم ہو جائے

اونٹاریو کا قانون آپ سے، ہر ایسے تصادم کی اطلاع دینے کا تقاضا کرتا ہے جہاں چوٹیں، املاک کو نقصان یا کل گاڑیوں کا نقصان 2,000 $ یا اس سے زیادہ ہو۔

صرف ہنگامی حالات کے لیے 911 پر کال کریں۔ غیر ہنگامی حالات کے لیے، مزید ہدایات کے حصول کے لیے مقامی پولیس کو فون کریں۔

تصادم ہو جانے کی صورت میں، پر سکون رہیں۔ اگر گاڑیاں ہٹانا محفوظ ہو تو سڑک سے گاڑیاں ہٹا دیں۔


جب تک آپ کا دوسرے ڈرائیور (ڈرائیوروں) کے ساتھ معلومات کا تبادلہ نہ ہو جائے، یا یا آپ نے پولیس کو معلومات فراہم نہ کر دی ہوں، جائے وقوع کو چھوڑ کر مت جائیں۔

## پیدل چلنے والوں کی حفاظت



- سڑک کو کراس اوور (سڑک عبور کرنے کی جگہ) اور چوراہوں پر عبور کریں — نہ کہ درمیان بلاک یا کھڑی کاروں کے درمیان۔
- سڑک، سبز روشنی یا "چلیں" کے نشان کے آغاز پر عبور کریں۔ کبھی بھی پیلی یا سرخ بتی پر نہ گزریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈرائیور آپ کو دیکھ سکتے ہیں چاہے آپ کے پاس راستہ کا حق ہے۔ مڑنے والی گاڑیوں کو دھیان میں رکھیں۔
- جب بھی ممکن ہو، فٹ پاتھ کا استعمال کریں۔ فٹ پاتھ نہ ہونے کی صورت میں سڑک کے بائیں کنارے کے ساتھ ساتھ چلیں جو آنے والی ٹریفک کا سامنا کرتا ہو۔
- کپڑے، عکاس، کھلتے یا ہلکے رنگ کے پہنیں۔ رات کو یا خراب موسم کے دوران ایک روشنی اپنے ساتھ رکھیں یا خود پر لگائیں۔
- 9 سال سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ چلنے کے لیے ایک بالغ یا بڑی عمر کا دوست موجود ہونا چاہیے۔
- اپنا فون استعمال کرنے یا موسیقی سننے سے گریز کریں — توجہ دیں۔

## ریلوے کی پٹڑی کو عبور کرنا



- اشاروں پر عمل کریں۔
- پیدل چلنے والوں کے لئے نشان زدہ یا ریلوے عبور کرنے کی جگہ سے ہی پٹریوں کو عبور کریں۔
- جب ریل کی پٹری کے بیریئرز (پھاٹک) نیچے ہوں یا نیچے جا رہے ہوں تو گاڑی چلانا یا ان کے گرد سے ہو کر جانا قانون کے خلاف ہے۔
- ہمیشہ ریل گاڑی کی توقع کریں۔ ریل گاڑیاں، ایک طے شدہ نظام الاوقات پر عمل نہیں کرتی ہیں۔

## کیا کیا جائے

### اگر پولیس نے روک لیا تو:

- جب آپ جلتی بجھتی ہوئی روشنیوں کو دیکھیں اور/یا سائرن سنیں تو پر سکون رہیں اور محفوظ طریقے سے سڑک کے کنارے کی جانب کر کے گاڑی روک دیں۔
- اپنی گاڑی سے باہر نہ نکلیں جب تک کہ پولیس افسر ایسا کرنے کو نہ کہے۔
- اونٹاریو کا قانون آپ کو مطالبہ پر، ڈرائیور کا لائسنس (اجازت نامہ)، گاڑی کی رجسٹریشن (اندراج) اور انشورنس کے دستاویزات کی ایک کاپی پولیس افسر کو دکھانے کا تقاضا کرتا ہے۔
- اگر آپ کو ٹکٹ مل جائے تو اسے سکون سے قبول کریں۔ بحث میں پڑنے سے گریز کریں۔
- ٹکٹ قبول کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ مجرم ہیں۔ آپ کو اپیل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔

### اگر آپ کی گاڑی خراب ہو جائے تو:

- ہنگامی روشنیاں جلا دیں۔
- اگر ممکن ہو تو سڑک سے گاڑی ہٹا دیں۔
- کھینچنے والے (امدادی) ٹرک یا مدد کے لیے پولیس کو فون کریں۔

### آپ کی حفاظت کے لیے:

- مدد کا انتظار کرتے وقت اپنی گاڑی میں رہیں۔
- اگر آپ کو اپنی گاڑی چھوڑ کر باہر نکلنا ہو، تو ٹریفک سے دور والی جانب سے باہر نکلیں اور انتظار کرنے کے لیے محفوظ جگہ تلاش کریں۔
- گاڑی کے آگے یا پیچھے کبھی نہ کھڑے ہوں۔

### جارحانہ ڈرائیونگ:

جارحانہ اور زیادہ خطرے والی ڈرائیونگ کی سڑک پر کوئی جگہ نہیں ہے۔ اس میں شامل ہیں: تیز رفتاری، ٹیل گیٹنگ یا اگلی گاڑی کے بہت قریب رہنا، راستے کا حق دینے سے انکار کرنا، بار بار ہارن بجانا، یا بغیر کسی وجہ کے ایسا کرنا، لال بتی توڑنا، حد سے زیادہ لین بدلنا یا ٹریفک کے درمیان سے بار بار گزرنا، سائیکل سواروں کے بہت قریب سے گزرنا وغیرہ۔

## سکول بسیں

- رکی ہوئی اسکول بس کے قریب پہنچنے، اس کی اوپری سرخ لائٹس چمکتی ہوئی یا اس کے اسٹاپ کے نشان والا بازو باہر نکلا دکھائی دینے کی صورت میں، گاڑی چلانے والوں کو، رکنا چاہیے۔
- جب سرخ لائٹس چمکنا بند ہو جائیں، "رکیں" والا بازو بند ہو جائے اور بس چلنا شروع ہو جائے، تو آپ دوبارہ گاڑی چلانا شروع کر سکتے ہیں۔




## ٹرانزٹ بسیں

- اگر آپ سٹی ٹرانزٹ بس کے پاس پہنچتے ہیں جو اپنے بائیں جانب کے سگنل کو جلانا بجھانا شروع کر دیتی ہے، تو آپ کو، بس کو ٹریفک میں دوبارہ داخل ہونے کی اجازت دینا ضروری ہے۔




## موسم سرما کی ڈرائیونگ

- سرد موسم میں محفوظ ڈرائیونگ کے لیے موسم سرما کی مخصوص درجہ بندی والے ٹائر استعمال کرنے کے بارہ میں سوچیں۔
- موسم کی رپورٹیں دیکھیں اور 511 پر فون کریں یا سڑکوں کی حالت جاننے کے لیے www.ontario.ca/511 پر جائیں۔
- گاڑی چلانے سے پہلے، اپنی پوری گاڑی کو برف اور منجمد پانی سے مبرا کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ چھت اور تمام کھڑکیاں، آئینے اور روشنیاں صاف ہوں۔
- برف، منجمد پانی، بارش، دھند اور تیز دھوپ جیسے حالات کے دوران اپنی اور اگلی گاڑی کے درمیان اضافی جگہ چھوڑ دیں۔
- اپنی گاڑی میں ہنگامی سفری کٹ رکھیں جس میں ٹارچ، اضافی کپڑے، بیلچہ، کمبل، سرما کے جوتے، نمکین، موم بتیاں اور ماچس شامل ہوں۔

## ہنگامی گاڑیاں

- اگر آپ ایمبولینس، پولیس کار یا آگ بجھانے کے ٹرک کو کسی بھی سمت سے آتے ہوئے دیکھیں یا سنیں، تو اپنی گاڑی کو راستے سے ہٹانا قانون ہے۔
- اشارہ دیں اور جلدی سے سڑک کے دائیں جانب جتنا قریب ہو سکے، جائیں اور جب ایسا کرنا محفوظ ہو تو رکیں۔
- اگر کسی ہنگامی گاڑی (یا گاڑی کھینچنے والے ٹرک) کے قریب پہنچتے ہوئے اس کی روشنیاں چمکتی ہوئی دکھیں تو رفتار کم کریں اور احتیاط سے گزریں۔ اگر محفوظ طریقے سے کیا جا سکتا ہو تو دوسری لین میں چلے جائیں۔




## نشہ میں گاڑی چلانا

اگر آپ الکحل، منشیات یا ادویات کی وجہ سے نشہ میں ہیں، **تو گاڑی مت چلائیں**۔

- یہ آپ کے فیصلے اور توجہ مرکوز کرنے، اور ردعمل دکھانے کی صلاحیت کو کم کرتا ہے۔
- کینیڈا میں یہ ایک مجرمانہ فعل ہے، اور اگر جرم ثابت ہو جائے تو آپ کو اپنا گاڑی چلانے کا لائسنس کھونا، جرمانہ ادا کرنا یا جیل جانا پڑ سکتا ہے۔



## بے دھیان ڈرائیونگ

- کوئی بھی چیز جو گاڑی چلانے والے کی توجہ سڑک سے ہٹاتی ہے، اس کا نتیجہ، لاپروہ ڈرائیونگ ہو سکتی ہے جس میں شامل ہیں: کھانا کھانا، مسافر، گاڑی کے کنٹرول کو ٹھیک کرنا، تعمیرات اور سڑک پر لگے کی تشہیری نشانات۔
- اونٹاریو میں، ہاتھ میں پکڑے گئے مواصلات اور الیکٹرانک تفریحی آلات (مثلاً سیل فون، ٹیبلیٹ، جی پی ایس، آئی پوڈ وغیرہ) کا استعمال کرتے ہوئے گاڑی چلانا غیر قانونی ہے۔
- ڈرائیور کو دکھائی دینے والی مخصوص ڈسپلے اسکرینوں کا ہونا بھی قانون کے خلاف ہے (جیسے ڈی وی ڈی پلیئرز، لیپ ٹاپ وغیرہ)۔



## لائسنس اور رجسٹریشن

تمام ڈرائیوروں کے پاس درج ذیل کا ہر وقت ان کے ساتھ ہونا ضروری ہے:

- ایک دوران معیاد اور درست کلاس کا گاڑی چلانے کا لائسنس۔ معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: ontario.ca/transportation
- گاڑی کی رجسٹریشن
- گاڑی کی انشورنس

## سیٹ بیلٹ اور بچوں کی کار کی سیٹیں

### سیٹ بیلٹ اور بچوں کی کار کی سیٹیں

سیٹ بیلٹ اور بچوں کی کار سیٹوں کا استعمال قانون ہے۔ آپ کو گاڑی کی اگلی اور پچھلی سیٹ دونوں پر سیٹ بیلٹ باندھنا چاہیے۔ ہر ایک کے لئے، سیٹ بیلٹ باندھنا ضروری ہے اور یہ ڈرائیور کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ 16 سال سے کم عمر کے تمام بچے سیٹ بیلٹ باندھیں یا صحیح چائلڈ کار سیٹ یا، بوسٹر سیٹ پر ہوں۔

ایک ہی سیٹ بیلٹ کسی اور کے ساتھ بانٹنا، خطرناک اور خلاف قانون ہے۔

ایک فرد - ایک سیٹ بیلٹ

### بچوں کی کار کی نشستیں:

- اپنے بچے کے وزن اور قد کے لحاظ سے مناسب کار سیٹ یا، بوسٹر سیٹ کا استعمال کریں۔
- کار سیٹ کو ہمیشہ گاڑی کی پچھلی سیٹ پر لگائیں۔
- دوسری زبانوں میں کار سیٹ کی معلومات اور ویڈیوز کے لیے www.safetydrivesus.org پر جائیں۔

